# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 04 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴/ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ GST کے 12 اور 28 فیصد کے سلیب ختم، متعدد اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح میں کمی، لائف انشورنس، ہیلتھ انشورنس سمیت جان بچانے والی دوائیاں GST سے مستثنیٰ۔

☆ OBC کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ سنجئے گاندھی نرادھار اور شراون بال معذور اسکیم کی مالی امداد میں ایک ہزار روپئے کا اضافہ۔

☆ آئندہ 17 ستمبر کو حیدرآباد مکتی سنگرام دن کو بیڑ تا اہلیہ نگر ٹرین کا افتتاح۔

☆ کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال کی جانب سے وسط مدتی انتخابات کے امکان کا اظہار۔

اور۔۔۔☆ 17 ستمبر سے ملک بھر میں خدمات پندھرواڑہ۔ 15 مقامات پر نمو میراتھن سمیت مختلف مہمات کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اشیاء وخدمات ٹیکس GST کے 12 اور 28 فی صد کے سلیب کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اب پانچ اور 18 فیصد کے دو ہی سلیب ہونگے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن نے کل نئی دہلی میں GST کونسل کی میٹنگ کے بعد یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی اور متوسط طبقات کے زیر استعمال اشیاء پر GST اٹھارہ اور 12 فیصد سے کم کر کے پانچ فی صد کر دیا گیا ہے۔ انفرادی لائف انشورنس پالیسیوں اور انفرادی ہیلتھ انشورنس پالیسوں کو GST سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔ جان بچانے والی دوائیوں جیسے کینسر اور نایاب بیماریوں اور خطرناک بیماریوں کی دوائیوں پر GST ختم کر دیا گیا ہے اور مختلف طبی آلات پر GST کو 18 فی صد سے کم کر کے پانچ فیصد کر دیا گیا ہے۔ ٹیکس کا یہ نظام 22 ستمبر سے نافذ ہوگا۔ دریں اثناء وزیر اعظم نریندر مودی نے GST میں اصلاحات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں کہا کہ GST کی شرح کے عمل کو شہریوں کی زندگیوں کو آسان بنانے کے مقصد سے بہتر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ طبقات OBC کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ریاستی کابینہ کی ایک ذیلی کمیٹی کا تقرر کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی صدارت میں کل ہوئی ریاستی کابینہ کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ چندر شیکھر باون کڑے کی سربراہی والی اس ذیلی کمیٹی میں چھگن بھجبل، گنیش نائیک، گلاب راؤ پاٹل، سنجئے راٹھوڑ، پنکجہ منڈے، اتل ساوے اور دتا ترے بھرنے بطور ممبران شامل ہیں۔

***** ***** *****

سنجئے گاندھی نرادھار اسکیم اور شراون بال اسکیم کے معذورین کی مالی امداد میں ایک ہزار روپیوں کا اضافے کا فیصلہ کابینی اجلاس میں کیا گیا۔اس کی وجہ سے اس اسکیم کے استفادہ کنندگان کو ہر مہینہ ڈیڑھ ہزار کی بجائے ڈھائی ہزار روپیئے ملیں گے۔

مہاژمتی کمپنی کے تھرمل پاور کے مرکز کی راکھ کے استعمال سے متعلق پالیسی طئے کرنا، مہاراشٹر شاپس اینڈ اسٹبلشمنٹ ایکٹ 2017 میں ترمیم، فیکٹریز ایکٹ 1948 میں ترمیم، مرکزی حکومت کی پری میٹرک اسکالرشپ اسکیم کا نفاذ شامل ہے۔درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے نویں اور دسویں کے طلباء کے لیے اسکیم ۔ممبئی ،تھانے اور پونے میٹرو کے اگلے مرحلے کی منظوری، تھانے اور نئی ممبئی بین الاقوامی ایئر پورٹ کے درمیان ایک Elevated روڈ کی تعمیر، نیو ناگپور کے تحت بین الاقوامی تجارتی اور مالیاتی مرکز کی ترقی اور ناگپور شہر کے اردگرد ایک بیرونی رنگ روڈ کی تعمیر جیسے فیصلے اس اجلاس میں لیے گئے۔

***** ***** *****

نمو کسان مہا سمان امداد اسکیم کے تحت اہل استفادہ کنندگان کو ساتویں قسط تقسیم کرنے کے لیے زرعی محکمے کی جانب سے کل حکومتی فیصلہ جاری کیا گیا۔زرعی وزیر دتا ترے بھرنے نے یہ اطلاع دی۔اس فیصلے سے 92 لاکھ 36 ہزار کسانوں کو فائدہ ہوگا جس کے لیے ایک ہزار 932 کروڑ 72 لاکھ روپیئے فنڈ منظور کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر صنعتی ترقی کارپوریشن MIDC کی جانب سے زمین مختص کرنے کے عمل میں شفافیت لانے کے مقصد سے بنائے گئے ایپ میلاپ کی کل نقاب کشائی کی گئی۔ جو لوگ MIDC میں زمین چاہتے ہیں وہ اس ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے درخواست دے سکتے ہیں۔اور تمام جانچ پڑتال اور عمل مکمل ہونے کے بعد اس شخص کو ایک ہفتے کے اندر پلاٹ کی منظوری کا Online Certificate مل جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ تا اہلیہ نگر ریلوے ٹرین کو 17 ستمبر حیدرآباد مکتی سنگرام دن کے موقع پر ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جائے گا۔نائب وزیر اعلیٰ اور بیڑ کے سرپرست وزیر اجیت پوار کی صدارت میں کل ممبئی میں منعقدہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے بیڑ تا پرلی وبجناتھ روٹ کے لیے زمین کے حصول کے زیرالتواء معاملات کو فوری حل کرنے اور ضروری اراضی دستیاب کرانے ،اس ریلوے لائن کے لیے ریاستی حکومت کے حصے کی فوری ادائیگی اور بجٹ میں منظور شدہ 150 کروڑ روپیئے فراہم کرنے جیسی تجاویز پیش کیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی کانگریس کے صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے ملک میں وسط مدتی انتخابات کے امکان کی پیش گوئی کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس ووٹ چوری کے خلاف ملک بھر میں ریلیاں نکال رہی ہیں جس کے تحت کل ناگپور ضلع کے کامٹھی میں پہلی ریاست گیر ریلی نکالی گئی۔اس موقع پر وہ مخاطب تھے ۔اس موقع پر وجئے وڈیٹیوار سمیت دیگر افراد موجود تھے۔اس ریلی میں راشٹریہ سویم سیوک سنگھ RSS کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔

***** ***** *****

بامبے ہائی کورٹ نے منوج جرانگے پاٹل اور احتجاج کے دوران ممبئی کی سرکاری املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچانے کے الزامات سے متعلق حلف نامہ داخل کریں۔قائم مقام چیف جسٹس چندر شیکھر اور جسٹس آرتی ساٹھے کی بینچ نے جرانگے اور مہاراشٹر حکومت سے نقصان کے بارے میں سوال کیا۔جسٹس چندر شیکھر نے ہدایت دی کہ ایک حلف نامہ داخل کریں جس میں ذکر کریں کہ جرانگے نقصان کے ذمہ دار نہیں ہیں اور یہ کہ مظاہرین نے خود یہ حرکت کی۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ حیدرآباد گزیٹیئر کو نافذ کرنے کا فیصلہ قانون کے دائرے میں لیا گیا ہے اور اس سے کنبی سرٹیفیکٹ حاصل کرنے کا عمل آسان ہوجائے گا۔ وہ کل ممبئی میں صحافیوں سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے OBC زمرے کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ وزیراعلیٰ ناخوش OBC قائدین سے بات کریں گے۔ شندے نے یقین ظاہر کیا ہے کہ حقائق کو سمجھنے کے بعد انکے عدم اطمینان کو دور کیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی کے یوم پیدائش کے موقع پر 17 ستمبر تا 2 اکتوبر ملک بھر میں خدمات پندھرواڑہ منایا جائے گا۔ نوجوانوں کی بہبود اور کھیل کے مرکزی وزیر ڈاکٹر من سکھ مانڈویہ نے یہ اطلاع دی۔ اس پندھرواڑے میں 21 ستمبر کو 75 مقامات پر نمو میراتھن کا انعقاد کیا جائے گا۔ اور سردار ولبھ بھائی پٹیل کے 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر اتحاد کا پیغام دینے کے لیے 31 اکتوبر سے 15 نومبر تک پیدل یاترا کا اہتمام کیا جائے گا۔ ملک بھر کی 100 سماجی اور روحانی تنظیموں کے ذریعے نشے سے پاک بھارت اور پارلیمنٹ اسپورٹس فیسٹیول بھی منعقد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ڈویژنل کمشنر جیتیندر پاپلکر نے چھترپتی شیواجی مہاراج سوابھم کے تحت خدمات پندھرواڑہ کو موثر طریقے سے نافذ کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔ وہ کل اس ضمن میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس میٹنگ میں ڈویژن کے تمام ضلع کلکٹرس نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی۔ اس مہم کو تین مراحل میں نافذ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے رکن پالیمان اوم پرکاش نمبالکر نے کہا ہے کہ اگر ترقیاتی اسکیموں کی منصوبہ بندی اور حقیقی عمل آوری میں مقامی سطح کے نمائندے شامل ہوں تو اسکیموں کا فائدہ حقیقی استفادہ کنندگان تک پہنچ سکتا ہے۔ وہ کل دھاراشیو میں دکشا کمیٹی کی جائزاتی میٹنگ میں مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے آئندہ انتخابات کے لیے ڈرافٹ وارڈ ڈھانچے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ 20 وارڈس میں کل 81 کارپوریٹرس کا انتخاب کیا جائے گا۔ ان وارڈس کی ساخت پر اعتراضات 15 ستمبر تک قبول کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

بہار کے راجگیر میں منعقدہ ایشیاء کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں کل بھارت اور کوریا کے مابین مقابلہ 2-2 سے برابری پر رہا۔ آج بھارت کا مقابلہ ملیشیاء سے ہوگا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے آبی پشتوں سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ فی الحال پیٹھن کے جائیکواڑی ڈیم سے تقریباً چودہ ہزار مکعب فٹ، ہنگولی ضلع کے سدھیشور آبی پشتے سے تقریباً آٹھ ہزار مکعب فٹ، ناندیڑ کے عیسیٰ پور آبی پشتے سے تقریباً ساڑھے گیارہ ہزار مکعب فٹ اور پربھنی ضلع کے یلدری آبی منصوبے سے سات ہزار ملین کیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جارہا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ GST کے 12 اور 28 فیصد کے سلیب ختم، متعدد اشیاء اور خدمات پر ٹیکس کی شرح میں کمی، لائف انشورنس، ہیلتھ انشورنس سمیت جان بچانے والی دوائیاں GST سے مستثنیٰ۔

☆ OBC کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ سنجئے گاندھی نرادھار اور شراون بال معذور اسکیم کی مالی امداد میں ایک ہزار روپئے کا اضافہ۔

☆ آئندہ 17 ستمبر کو حیدر آباد مکتی سنگرام دن کو بیڑ تا اہلیہ نگر ٹرین کا افتتاح۔

☆ کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال کی جانب سے وسط مدتی انتخابات کے امکان کا اظہار۔

اور۔۔۔☆ 17 ستمبر سے ملک بھر میں خدمات پندھرواڑہ۔ 15 مقامات پر نمو میر اتھن سمیت مختلف مہمات کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****